# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی-II

| Version No. | 1 | 8 | 1 | 6 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ    Group-I    حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) ڈاکٹر سارلے نے کس شخصیت کے متعلق کتاب لکھی ہے؟
A مولوی عبدالحق    B شاہ عبداللطیف بھٹائی    C ظہیرالدین بابر    D ظفر علی خان

2) سبق آنگن کے مرکزی کردار عالیہ کی بڑی بہن کا کیا نام تھا؟
A نجمہ    B کریمن    C چھمی    D ساجدہ

3) سبق اپنا اپنا راگ میں رقیہ بیگم کا ثریا سے کیا رشتہ تھا؟
A خالہ تھی    B چچی تھی    C پھوپھی تھی    D ممانی تھی

4) سبق وادیِ ہنزہ کا چراغاں میں مطیع الرحمن کو کون سی بیماری تھی؟
A شوگر کی    B ملیریا کی    C تپ دق کی    D دل کی

5) بزمِ خوش نفساں کس کی تصنیف ہے؟
A رشید احمد صدیقی    B چراغ حسن حسرت    C شاہد احمد دہلوی    D محمد حسین آزاد

6) نظم آزادی کس شاعر نے لکھی ہے؟
A احسان دانش    B مجید امجد    C نیاز سواتی    D جام درک

7) الطاف حسین حالی کا سالِ وفات کیا ہے؟
A 1913ء    B 1914ء    C 1915ء    D 1916ء

8) مندرجہ ذیل میں سے کون سی نظم مسدس ترجیع بند کی ہیئت میں لکھی گئی ہے؟
A ہری بھری فصلو    B عرضِ حال    C اے نسیم بہشت    D سورۂ رحمٰن

9) کس شاعر نے جھومتے کھیتوں اور ہستی کی تقدیروں کو رقص کرنے کا کہا ہے؟
A ناصر کاظمی نے    B مجید امجد نے    C انور مسعود نے    D اسرار الحق مجاز نے

10) جام درک کس زبان کے شاعر ہیں؟
A بلوچی کے    B سندھی کے    C پشتو کے    D پنجابی کے

11) ہجرت، ماضی کی یاد کس غزل گو شاعر کی شاعری کے اہم عناصر قرار دیے جاسکتے ہیں؟
A خواجہ میر درد    B ناصر کاظمی    C نیاز سواتی    D حفیظ تائب

12) فراق گورکھپوری کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟
A شعرستان    B بہارستان    C نوادر    D بانگ درا

13) شاملِ نصاب علامہ اقبال کی دوسری غزل ان کے کس شعری مجموعے سے لی گئی ہے؟
A ضربِ کلیم    B ارمغانِ حجاز    C بالِ جبریل    D بانگ درا

14) غالب کے خیال میں پرتوِ خور کس کے لیے فنا کی تعلیم ہے؟
A عاشقی کے لیے    B آہ کے لیے    C شبنم کے لیے    D گرمیِ بزم کے لیے

15) کس شاعر نے زندگی کو طوفان سے تشبیہ دی ہے؟
A مرزا غالب نے    B میر درد نے    C ناصر کاظمی نے    D ظفر علی خان نے

16) حذیفہ سبق پڑھ چکا ہے    اس جملے میں "چکا" کون سا فعل ہے؟
A تام    B ناقص    C امدادی    D اصل

17) "اگر" قواعد کی رو سے کون سا حرف ہے؟
A حرفِ شرط    B حرفِ علت    C حرفِ جار    D حرفِ اضافت

18) سوال پوچھنے کے لیے کون سا حرف استعمال ہوتا ہے؟
A حرفِ فجائیہ    B حرفِ ندائیہ    C حرفِ استفہامیہ    D حرفِ استعجابیہ

19) ؔ کس کی علامت ہے؟
A رابطہ    B وقفہ    C تفصیلیہ    D سکتہ

20) مطابقت کے اصول کے مطابق جملہ مکمل کریں۔ ایمان کی جائیداد، زمینیں، مکان، گاڑی سب کچھ لُٹ ----
A گئی    B گیا    C گئے    D گئیں

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

## GROUP – I

وقت: 2:35 گھنٹے کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) کلیم کو زبردستی بیگ کو توالی پکڑ کر لے گیا تو اس وقت کلیم کی ظاہری حالت کیسی تھی؟

(ii) مولوی عبدالحق صاحب کھانے کے کن آداب کا بہت خیال رکھتے تھے؟

(iii) مصر اور عراق کے لوگوں نے اپنی معلومات کس طرح محفوظ کیں؟

(یا)

اکبر کی خواب گاہ کی آرائش کن چیزوں سے کی گئی تھی؟

(iv) نظم ''ریل کا سفر'' میں مور چہ بندوں سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(v) حفیظ تائب نے شاملِ نصاب نظم ''یا ایہا المزمل'' میں اپنی کس دعا کی قبولیت کی التجا کی ہے؟

(vi) احسان دانش نے کس بات کو آزادی کی تحقیر کہا ہے؟

(یا)

لندن میں عقد کرنے پر شاعر کو کون کون سے طعنے سننے کو ملے؟

(vii) غلام ہمدانی مصحفی کے مطابق ناوک کا مژگان سے کیا تعلق ہے؟

(viii) تابش دہلوی کے مطابق زمین بوسی کی کوشش کون کرتا ہے اور کیوں؟

(ix) مرزا غالب کے نزدیک غمِ ہستی کا علاج کیا ہے اور کیوں؟

(یا)

آدابِ فرزندی کی تربیت حضرت اسماعیلؑ نے کہاں سے پائی؟ (بحوالہ علامہ اقبال)

(x) پانا، رکھنا، رہنا کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کریں۔

(xi) حروفِ جار کی تعریف لکھیں اور استعمال کی دو مثالیں دیں۔

(یا)

علامتِ ختمہ کہاں کہاں استعمال ہوتی ہے؟ مثال دے کر واضح کریں۔

(xii) فاعل اور فعل کی مطابقت کے اصول کو پیشِ نظر رکھ کر جملے درست کریں۔

الف۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتی ہے۔

ب۔ نوشین نے کلیاتِ اقبال خریدے۔

ج۔ علی نے جنگ اخبار خریدی۔

سوال نمبر ۳۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اُسے سوشل میڈیا کی اچھائیوں اور برائیوں سے آگاہ کریں۔ (8)

(یا)

ایک پرانے مکان کی آپ بیتی لکھیں۔

# حصہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ اس ہمت والے نے کہا کہ اے میرے رفیقو! جو فتح تم نے کی ہے، اس کی عالم میں دھوم مچ گئی ہے، مگر اس حرکت کو سن کر ملک ملک کے بادشاہ یہی کہیں گے کہ اتنا بڑا ملک لے کر یہ خزانے اور جواہرات مارے اور جب تلوار مارنے کا وقت آیا تو سرداروں کو آگے رکھ کر آپ سرک گیا۔ تیمور و چنگیز کے نام پر داغ لگانے سے مرجانا ہزار درجہ بہتر ہے۔ خیر اب جو تمھارا حال، سو میرا حال۔ یہ سن کر تمام سرداروں نے دعا کی اور فوج مع توپ خانے کے روانہ ہوئی۔

ب۔ سان فرانسسکو میں امریکنیت سب سے کم ہے۔ اس لیے یہ شہر مجھے سب سے زیادہ بھایا۔ امریکہ میں مجھے رہنے کی کوئی تمنا نہیں۔ لیکن اگر مجبوراً رہنا پڑے تو یہ ایک شہر ہے جہاں میں دو تین سال گذار سکتی ہوں۔ اس شہر کا نہ تو نیو یارک کی دم پخت مخلوق سے تعلق ہے جو فلک پیما شکنجوں میں تجارتی دل رکھتی ہے نہ واشنگٹن کی سرکاری فضا سے مشابہت جہاں عموماً دفتری جبس اور سیاسی بیوپار چلتا ہے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔
تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے
اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
ندمت کاریوں ہے تم ہمارا کیا بگاڑو گے
تمھارے ووٹ کیا ہوئے ہیں جو ویٹو ہمارا ہے

ب۔
ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اس کا
میں اس کو کعبہ و بت خانے میں کیوں ڈھونڈنے نکلوں
مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اس کا

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
ڈھونڈتے ہیں آپ سے اسکو پرے
شیخ صاحب چھوڑ گھر، باہر چلے

ب۔
ترے وعدے پر جیے ہم، تو یہ جان، جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا

ج۔
پھر کئی لوگ نظر سے گزرے
پھر کوئی شہرِ طرب یاد آیا

د۔
بیخود سے تھے تو وقت کا یہ بھی فریب تھا
ہم اور تجھ کو دل سے بھلا دیں کبھی نہیں

ہ۔
سعیِ پیہم ہے ترازوئے کم و کیف حیات
تیری میزاں ہے شمار سحر و شام ابھی

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ معاشرے کا ناسور۔ کرپشن
ب۔ قومی معیشت اور سی پیک منصوبہ
ج۔ ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
د۔ میری پسندیدہ ادبی شخصیت

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

| Version No. | 1 | 8 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ Group-II حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) جرمن خاتون کے مطابق علامہ اقبال کو کس سے عشق تھا؟
A جاوید سے B شاعری سے C گپ شپ سے D بانو سے

2) شاہ عبداللطیف بھٹائی کا مقبرہ کس نے تعمیر کروایا تھا؟
A شاہ عبدالکریم نے B میاں نور محمد خاں نے C میاں غلام شاہ خاں نے D ڈاکٹر سارلے نے

3) ڈراما اپنا اپنا راگ کے کردار جلیل نے کون سا امتحان پاس کر رکھا تھا؟
A ایم۔ایس۔سی کا B ایم۔بی۔اے کا C ڈاکٹری کا D وکالت کا

4) تو کیا سارے مسلمان پاکستان جا کر رہیں گے؟ یہ بات کس نے پوچھی تھی؟ (بحوالہ سبق آنگن)
A بڑی چچی نے B بڑے چچا نے C کریمن بُوا نے D نجمہ پھوپھی نے

5) '' تمہارا لڑکا تم سے اچھا ترجمہ کرتا ہے '' منشی ذکاءاللہ کو یہ بات کس نے لکھی؟
A سر سید احمد خان B ظفر علی خان C مولوی عبدالحق D علامہ اقبال

6) احسان دانش کے مطابق کوہ و دریا کی حدوں میں کون نہیں رہ سکتے؟
A مجاہد B عاشق C پروانے D بہروپیے

7) حسنت جمیع خصالہ کس کا شعری مجموعہ ہے؟
A حفیظ تائب B ظفر علی خان C الطاف حسین حالی D احسان دانش

8) نیاز سواتی کے مطابق کرسی کس کو ذی شان بنا دیتی ہے؟
A گلو کو B زردار کو C گڈو کو D بُدھو کو

9) اسرار الحق مجاز کے مطابق ریل گاڑی کس جگہ جُوئے شیریں کے خرام کا منظر پیش کرتی ہے؟
A سرسبز وادیوں میں B مرغزاروں میں C خندقوں میں D تاریکیوں میں

10) جوش ملیح آبادی کے خیال میں انسان کو کس روش سے شرمانا چاہیے؟
A شرارت کی B رشوت کی C تمرد کی D بدنامی کی

11) غزلستان کس کا شعری مجموعہ ہے؟
A میر درد B مرزا غالب C فراق گورکھپوری D ناصر کاظمی

12) سب نے مجھ ہی کو در بدر دیکھا بے گھری نے مرا ہی گھر دیکھا یہ شعر کس کا ہے؟
A ناصر کاظمی B مصحفی C تابش دہلوی D فراق گورکھپوری

13) اقبال کے خیال میں آزادی و دہر آشوبی کس کا شیوہ ہے؟
A اہلِ عزم و ہمت کا B عشق کا C آوارۂ کوئے محبت کا D عقل کا

14) کس شاعر نے زاہدانِ شہر کو بیعتِ دستِ سبُو کی صلاح دی ہے؟
A ناصر کاظمی نے B علامہ اقبال نے C غلام ہمدانی مصحفی نے D میر درد نے

15) کس شاعر نے نواب آصف الدولہ کو لکھنؤ کی رونق کہا ہے؟
A غلام ہمدانی مصحفی B مرزا غالب C حیدر علی آتش D تابش دہلوی

16) '' اور '' قواعد کی رو سے کون سا حرف ہے؟
A حرفِ عطف B حرفِ علت C حرفِ فجائیہ D حرفِ اضافت

17) مندرجہ ذیل میں سے حرفِ جار کون سا ہے؟
A و B اگر C کیوں کہ D تک

18) ذیل میں سے استفہامیہ کی علامت کون سی ہے؟
A ؛ B :- C ( ) D ؟

19) مطابقت کے اصول کو پیشِ نظر رکھ کر جملہ مکمل کریں۔ ایسی باتوں سے رعب و وقار۔۔۔۔
A جاتے رہتے ہیں B جاتا رہتا ہے C جاتی رہتی ہے D جاتے ہیں

20) مناحل کراچی چلی گئی ہے۔ اس جملے میں کون سا مصدر بطور امدادی فعل استعمال ہوا ہے؟
A چلنا B گانا C جانا D جاگنا

# اُردو (لازمی) ایچ ایس سی -II

12

## GROUP – II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) ہجرت مدینہ کے موقع پر حضورؐ نے حضرت علی کو بُلا کر کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) خطوط کا جواب دینے میں علامہ اقبال کن باتوں کا خاص طور پر خیال رکھتے تھے؟

(iii) مستنصر حسین تارڑ کو ٹیم اچھی کیوں نہ ملی؟

(یا)

سبق اپنا اپنا راگ کا مرکزی خیال لکھیں۔

(iv) خمستانِ ازل کا ساقی کسے کہا گیا ہے اور کیوں؟

(v) خاصہ خاصانِ رُسل کے کیا معنی ہیں اور اس سے مراد کون سی شخصیت ہے؟

(vi) جوش ملیح آبادی نے اپنی نظم میں حوروں کے کیا اوصاف بیان کیے ہیں؟

(یا)

جامِ درک کے مطابق درد کی ٹیسوں کو کیسے قرار آئے گا؟

(vii) غلام ہمدانی مصحفی کے مطابق دشمن کس طرح خوش بخت ہوگیا؟

(viii) مرزا غالب نے غم کی شدت کا پتھر پر اثر کن الفاظ میں بتایا ہے؟

(ix) تابش دہلوی کے مطابق صیاد نے ظلم کے کون سے طریقے اپنا لیے ہیں؟

(یا)

فراق گورکھپوری جولاں گہِ حیات میں منزل کیوں نہیں کرنا چاہتے؟

(x) پڑنا، ڈالنا، آنا کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کریں۔

(xi) مثال دے کر علامتِ واوین کی وضاحت کریں۔

(یا)

مثال دے کر علامتِ رابطہ کی وضاحت کریں۔

(xii) حروفِ علت کی تعریف لکھیں اور استعمال کی دو مثالیں دیں۔

سوال نمبر۳۔ دوست / سہیلی کے نام خط لکھ کر آلودگی سے متعلق آگاہی دیں۔ (8)

(یا)

ایک پرانی نصابی کتاب کی آپ بیتی لکھیں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ پھران کی تعلیم اربابِ معرفت کی تعلیم تھی، جو اپنی ہمہ گیری کے باعث زمان ومکان کے قیود سے بالا ہوتی ہے۔ جس کے مخاطب محض وہ لوگ نہیں ہوتے جو صاحبانِ تعلیم کے گرد وپیش نظر آتے ہیں۔ بلکہ جس کے مخاطب ہر عہد، ہر دور، ہر ملک اور ہر قوم کے افراد ہوتے ہیں۔ اُن کی زبان پر جو کچھ جاری ہوتا ہے، وہ انسانیت کا درس ہوتا ہے، آفاقیت کا وعظ ہوتا ہے۔ وہ مردم گری کے سانچے تیار کرتے ہیں، انسانوں کو بہتر انسان بناتے ہیں۔

ب۔ پھر حالات ناموافق سروسامان ناپید، وقت ساتھ نہیں دیتا۔ اور رفقا ہمرہان سست عناصر دو قدم ساتھ نہیں چل سکتے۔ مسئلہ فلسطین کی گتھی کون سلجھائے؟ مسلمانوں کی تجارت کا انتظام کون کرے؟ مسجدوں کی تنظیم کے لیے کہاں سے کارکن آئیں؟ مسلم لیگ کی شاخیں کون کھولے۔ تحریک ملت تو چل رہی ہے لیکن اس تحریک کو سارے ہندوستان میں پھیلانا ہے۔ تبلیغ کا کام بھی تھوڑا بہت ہوتے رہنا چاہیے۔ اور ان جھگڑوں میں اردو کی خدمت تو رہ گئی۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔ یہ اچھی قدردانی آپ نے کی
مجھے سمجھا ہے کوئی ہرچرن داس
دل اپنا خون کرنے کو ہوں موجود
نہیں منظور مغزِسر کا آماس

ب۔ کسی پیچاک میں صیقل کلہاڑا جگمگاتا ہے
کسی روزن سے اک کالا سلیپر منہ کو آتا ہے
کھڑے حقّے بمعہ مینار آتشدان کو دیکھو
یہ قوم بے سروسامان کا سامان تو دیکھو

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔ رکھنے دیا نہ ہم کو قدم لالہ زار میں
اک پھول کو ترستے رہے ہم بہار میں

ب۔ ہر چند آئینہ ہوں پر اتنا ہوں ناقبول
منہ پھیر لے وہ جس کے مجھے روبرو کریں

ج۔ عشق فرمودۂ قاصد سے سبک گام عمل
عقل سمجھی ہی نہیں معنیِ پیغام ابھی

د۔ سو گئے لوگ اس حویلی کے
ایک کھڑکی مگر کھلی ہے ابھی

ہ۔ کہیں موجِ نمو رُکی تو نہیں
شاخ سے پھول توڑ کر دیکھا

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
ب۔ محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہوجائے گی
ج۔ میرا پسندیدہ ناول نگار
د۔ گداگری۔ ایک لعنت